DAWN METROPOLITAN
PESHAWAR Saturday April 17, 2010

# 'Do more' call from Swat

DAWN 17-04-10

By Our Correspondent

MINGORA, April 16: Government needs to increase its "effective presence", and better coordinate with the NGOs, to rehabilitate the people of Swat in the post-conflict period.

This call went out from the representatives of the local people and the social agencies who discussed the prevailing situation at a seminar organized here by the Islamabad-based Centre for Research and Security Studies (CRSS) overnight.

CRSS Chairman Imtiaz Gul told the participants that the purpose of the seminar was to learn how the local people assess the challenges and problems they were facing after the military operation.

Spokesman of the Swat Qaumi Jirga Ziauddin Yousafzai responding to him said: "We don't need *Khuli Katchehris* that civil and military officials hold but a fully functional justice system. We don't need medical camps but completely equipped functional hospitals."The issues confronting Swat were gigantic and a collective challenge for all the stakeholders. "The game played in Musharraf era was no less than a tragedy. We should come forward ourselves to bring peace and normalcy to the region," he said.

Yousafzai requested public representatives to visit their constituencies frequently to assess the situation and work for improving the plight of the Swat residents.

Jihangeer Khan, Deputy Superintendent of Police, Mingora Circle, however found the situation much better. "One could not even think about the present calm a year ago," he said.

"Anti-state elements have either been killed, arrested or have escaped to other parts of the country," the police officer said, promising that law and order situation would keep improving. He appealed to the people to cooperate with the authorities to terminate the threat posed by misguided elements and enemies of the state.

Moena Baig, representing NGO RIPORT, said that the tens of thousands of people of Malakand were suffering from trauma because of displacement and needed urgent attention. "We are providing psycho-social support to such people. Their number continues rising but it is good as it shows they seek and put trust in medical help," she said.

Hazir Gul, representative of KARWAN organization, thought the assessment and surveys conducted by the government included wrong figure. That was why majority of the conflict-hit people of Swat could not receive aid, he said. People living in the mountains were still waiting for relief assistance adding the government should have a proper check and balance system on the relief activities.

President Hotel Association Zahid Khan said that tourism could not be revived in Swat until peace was ensured.

"Government says peace has been restored but public representatives still feel insecure. We do not trust this peace", he said. The government needs to do a lot more to restore peoples confidence in state institutions.

Representative of ARYANA Institutes, Fazle Maula, accused the NGOs of "distributing aid among favourites" and said the agriculture sector that was completely destroyed still awaits funds for revival.

EDO Education, Raj Muhammad Khan informed the gathering that the provincial government will shortly invite tenders for the reconstruction of about 21 of the 131 schools destroyed completely by the militants. Lack of funds was a big handicap in rehabilitating the schools, however.

Representative of KARWAN, Hazir Gul, stressed that locals could be an important vehicle to create empathy for fundamental issues facing the people of the conflict-hit areas.

CRSS Chairman Imtiaz Gul informed the seminar that his organisation was currently airing two programs, Sabaoon and Lara Da Kor on the humanitarian issues in Malakand using Radio Pakistan and FM 96 Swat Radio. "The encouraging feedback from the listeners indicated that radio advocacy can play important role in safeguarding human rights as well as provide critical information about and to the affected people," he said.

Daily Times
Saturday, April 17, 2010

# NATIONAL NEWS

Restoration of institutions, peace in Swat

Daily Times 17.04.10

## Panelists push government for concentrated efforts

■ Swat Qaumi Jirga spokesman says damaged health facilities should be repaired, rebuilt ■ DSP says peace restored to valley ■ Hotel association's president says hoteliers concerned about security situation

By Ghulam Farouq

**MINGORA:** Speakers at a Centre for Research and Security Studies (CRSS) seminar on Friday urged the government to make concentrated efforts for rehabilitation of academic institutions and health facilities in Swat, bringing back peace to the valley, and restoring locals' confidence.

Ziauddin Yousufzai, a spokesman for Swat Qaumi Jirga, said it was the locals, who would have had to come forward to bring peace to the valley. He said members of national and provincial assemblies should avoid holding open kutcheri, adding it is the duty of the courts to administer justice to people.

He also opposed the holding of free medical camps by government and non-governmental organisations and said the government should repair or rebuild damaged hospitals and other health facilities to ensure smooth provision of health services to people.

Yousufzai said the MNAs and MPAs from Swat should play an active role in restoring the people's confidence after the militants' defeat in the area.

Speaking on the occasion, DSP (Circle) Jehangir Khan said peace had been restored to the scenic valley after a military operation against militants.

He said police personnel had been deployed to all across the valley. He said militants were either killed or arrested during the operation.

Khan, however, admitted that sometimes, untoward incidents did take place but hastened to add that the situation would soon be brought under control.

Mueena Baig, a representative of an NGO, said efforts were being made to remove fear of war from the people's minds.

He said restoring the people's confidence and carrying out rehabilitation activities were the institutions' responsibility.

Hazir Gul, a representative of NGO Carwan, said more than 70 government and non-government organisations were engaged in Swat's rehabilitation. He said there were a host of problems, which needed to be resolved. He regretted many people in the militancy-hit areas had yet to receive relief goods.

Gul said most of the people of Swat were living in far-flung areas, where government and NGOs were unable to carry out operations.

Haji Zahid Khan, the Swat Hotel Association's president, said it was impossible for foreign tourists to visit Swat before the peace's restoration.

He expressed pessimism about restoration of peace in the area and said hoteliers still had concerns about security situation. He claimed even local elected representatives could not come to Swat.

Raj Muhammad Khan, the EDO (Education), said the government was making efforts to reopen educational institutions. He said the federal government had released two billion rupees to the NWFP government for the revival of education sector in Swat.

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کا سب سے بڑا روزنامہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

NWFP EDITION SATURDAY APRIL 17, 2010

بانی ... میر خلیل الرحمٰن

جلد 52 | ہفتہ 2 جمادی الاول 1431ھ 17 اپریل 2010ء 5 بیساکھ 2067ب | نمبر 106



# سوات میں امن کے بعد دیگر تمام اداروں کو بحال کیا جائے، عمائدین

## عدالتیں موجود ہیں ان کو ٹھیک کیا جائے اور وہاں پر عوام کو انصاف فراہم کیا جائے

### اراکین اسمبلی اس دھرتی کو زندہ وجاوید رکھنا چاہتے ہیں تو سچائی کی بنیادوں پر کام کریں، سیمینار سے خطاب

مینگورہ (نمائندہ جنگ) ضلع سوات سے تعلق رکھنے والے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سوات میں امن کی بحالی کیساتھ ساتھ دیگر تمام اداروں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بیرونی و اندرونی سیاحوں کی آمدورفت کیلئے راہ ہموار کی جائے تاکہ سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال ہوں اور اس سے وابستہ صنعت کو بھی ترقی ملے۔ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی اسلام آباد کی جانب سے سوات پریس کلب مکانباغ میں ایک سیمینار منعقد ہوا جس میں سرکاری وغیر سرکاری اداروں کے نمائندوں اور مقامی عمائدین نے بھی شرکت کی۔ سیمینار سے CRSS کے چیئرمین امتیاز گل، سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی، ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر زاہد خان، اریانہ انسٹیٹیوٹ کے ریسرچ آفیسر فضل مولا، ڈی ایس پی سرکل مینگورہ جہانگیر خان، غیر سرکاری تنظیم رائل رپورٹ کی خاتون نمائندہ معینہ بیگ، غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاشر گل، ای ڈی او محکمہ تعلیم ضلع سوات راج محمد خان اور مینیجر اکرم سپارٹ پروگرام ملاکنڈ ڈویژن کے نمائندے سید اقبال نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ سوات کو بہت بڑے چیلنج کا سامنا ہے کیونکہ بات صرف تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کی بحالی کا نہیں بلکہ حقیقتوں اور عزت نفس کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہاں امن لانے کیلئے کوئی آگے نہیں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وقومی اسمبلی کے اراکین اکثر اوقات کھلی کچہریاں منعقد کراتے ہیں لیکن انکو ان کچہریوں کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو قانونی کچہریاں یعنی عدالتیں موجود ہیں ان کو ٹھیک کیا جائے اور وہاں پر عوام کو انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر سرکاری وسرکاری اداروں کو فری میڈیکل کیمپ لگانے کی بجائے یہاں کے ہسپتالوں اور دیگر صحت کے اداروں کو بحال کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سوات کے ممبران قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کو چاہیے کہ اگر وہ اس دھرتی کو زندہ وجاوید رکھنا چاہتے ہیں تو وہ سچائی کی بنیادوں پر کام کریں اور یہاں کے عوام کیساتھ کھیلا جانیوالا مذاق بند کریں۔

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس پشاور

FRIDAY, APRIL 16, 2010

اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، سرگودھا، رحیم یار خان، سکھر اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ

جلد 8 شمارہ 196 جمعۃ المبارک یکم جمادی الاول 1431ھ 16 اپریل 2010ء 3 بیساکھ 2066 ب فون 2654226-9 صفحات 16 قیمت 10 روپے

# سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال کرنے کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں

## ماضی میں سوات میں جو کھیل کھیلا گیا وہ کسی سانحے سے کم نہیں، سواتی عوام کو خود کوشش کرنی ہوگی، امتیاز گل، ضیاء الدین ودیگر

مینگورہ (نمائندہ خصوصی) ضلع سوات سے تعلق رکھنے والے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ سوات میں امن کی بحالی کے ساتھ ساتھ دیگر تمام اداروں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بیرونی و اندرونی سیاحوں کی آمد و رفت کیلئے راہ ہموار کی جائے۔ تاکہ سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال ہوں (باقی صفحہ 4 نمبر 18)

18 سیاحتی سرگرمیاں

۔اور اس سے وابستہ صنعت کو بھی ترقی ملے۔ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز اسلام آباد کی جانب سے سوات پریس کلب مکانباغ میں ایک سیمینار منعقد ہوا۔ جس میں سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے نمائندوں اور مقامی عمائدین نے بھی شرکت کی۔ سیمینار سے CRSS کے چیئرمین امتیاز گل، سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی، ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر زاہد خان، ارینا انسٹیٹیوٹ کے ریسرچ آفیسر فضل مولا، ڈی ایس پی سرکل مینگورہ جہانگیر خان، غیر سرکاری تنظیم رائٹ پورٹ کی خاتون نمائندہ سعیدہ بیگ، غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاضر گل، ای ڈی او محکمہ تعلیم ضلع سوات راج محمد خان اور جینڈر انکم سپورٹ پروگرام ملاکنڈ ڈویژن کے نمائندے سعید اقبال نے خطاب کیا۔ امتیاز گل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز بنیادی طور پر ایک ریسرچ ادارہ ہے۔ جو مختلف مقالات اور مختلف موضوعات پر وقتاً فوقتاً سیمینارز منعقد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان پشاور سنٹر سے صبا نون اور ایف ایم 96 سے (لارہ وکور) کے نام سے دو پروگرامات نشر ہوتے ہیں۔ جو CRSS ہی کی پروڈکشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان پروگرامات کا مقصد ملاکنڈ ڈویژن اور بالخصوص سوات کی بحالی کیلئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق اور جمہوریت کو تحفظ سمیت اچھی رہنمائی کیلئے معلومات فراہم کرتا ہے۔ سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی نے کہا کہ سوات کو بہت بڑے چیلنج کا سامنا ہے۔ کیونکہ بات صرف تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کی بحالی کا نہیں بلکہ عقیدوں اور عزت نفس کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر پرویز مشرف کے دور میں سوات میں جو کھیل کھیلا گیا وہ کسی سانحے سے کم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں امن لانے کیلئے کوئی آگے نہیں آئیگا۔ بلکہ سوات ہی کے لوگوں نے سوات میں امن بحال کرنا ہے۔ اسلئے وہ لوگوں سے درخواست کرتے ہے کہ سوات کی بحالی کیلئے آگے بڑھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی و قومی اسمبلی کے اراکین اکثر اوقات کھلی کچہریاں منعقد کرتی ہیں۔ لیکن ان کھلی کچہریوں کی کوئی ضرورت نہیں۔ بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو قانونی کچہریاں یعنی عدالتیں موجود ہیں۔ ان کو ٹھیک کیا جائے اور وہاں پر عوام کو انصاف فراہم کیا جائے۔

AAAJ, The Largest Circulated Publication of NWFP

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

پشاور
پاکستان

ایڈیٹر
عبدالواحد یوسفی

صفحات 12

پشاور، ایبٹ آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا صوبہ سرحد کا کثیر الاشاعت اخبار

جلد 21 | جمعہ 16 اپریل 2010ء یکم جمادی الاول 1431ھ قیمت 10 روپے | شمارہ 97




سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز کے چیئرمین امتیاز گل چکدرہ میں سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

# سوات میں سیاحتی سرگرمیوں کی بحالی کا مطالبہ

## سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد، علاقے کی ترقی سے متعلق بحث

سوات (نمائندہ آج) ضلع سوات سے تعلق رکھنے والے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سوات میں امن کی بحالی کیساتھ ساتھ دیگر تمام اداروں کو فوری طور پر (باقی صفحہ 9 بقیہ نمبر 21)

بقیہ نمبر 21 سوات سیمینار

بحال کیا جائے۔ بیرونی و اندرونی سیاحوں کی آمدورفت کیلئے راہ ہموار کی جائے تاکہ سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال ہوں اور اس سے وابستہ صنعت کو بھی ترقی ملے۔ اس سلسلے میں سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز اسلام آباد کی جانب سے سوات پریس کلب میں ایک سیمینار منعقد ہوا۔ جس میں سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے نمائندوں اور مقامی عمائدین نے بھی شرکت کی۔ سیمینار سے CRSS کے چیئرمین امتیاز گل، سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی، ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر زاہد خان، اریانہ انسٹیٹیوٹ کے ریسرچ آفیسر فضل مولا، ڈی ایس پی سرکل چکدرہ جہانگیر خان، غیر سرکاری تنظیم رائی پورٹ کی خاتون نمائندہ سعیدہ بیگ، غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاضر گل، ای ڈی او محکمہ تعلیم ضلع سوات راج محمد خان اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملاکنڈ ڈویژن کے نمائندے سعید اقبال نے خطاب کیا۔ امتیاز گل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز بنیادی طور پر ایک ریسرچ ادارہ ہے۔ جو مختلف مقامات اور مختلف موضوعات پر وقتاً فوقتاً سیمینارز منعقد کرتا ہے۔ سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی نے کہا کہ سوات کو بہت بڑے چیلنج کا سامنا ہے۔ کیونکہ بات صرف تعلیمی اداروں اور سیاحتوں کی بحالی کی نہیں بلکہ عقیدتوں اور عزت نفس کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر پرویز مشرف کے دور میں سوات میں جو کھیل کھیلا گیا وہ کسی سانحے سے کم نہیں۔ DSP سرکل چکدرہ جہانگیر خان نے کہا کہ تین سال قبل سوات کے حالات خراب ہونا شروع ہوئے اور مسلسل دو سال تک یہ حالات انتہائی خراب رہے۔ تاہم تقریباً ایک سال قبل جب عسکری آپریشن شروع ہوا تو اسکے نتیجے میں آج سوات میں امن وامان کی صورتحال مکمل طور پر ٹھیک ہے اور سول انتظامیہ کی رٹ بحال ہو چکی ہے۔ غیر سرکاری تنظیم رائی پورٹ کی خاتون نمائندہ سعیدہ بیگ نے کہا کہ وہ لوگوں کے ذہنوں سے جنگ کے آثار ہٹانے کیلئے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ وہ لوگوں کچھ دے نہیں سکتیں تاہم لوگوں کے ذہنوں سے خوف ختم کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھ رہے ہیں۔ جسکے مثبت نتائج مل رہے ہیں۔ غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاضر گل نے کہا کہ 70 سے زائد سرکاری اور غیر سرکاری تنظیمیں بحالی کے عمل کیلئے کوشاں ہیں۔ مگر انکا کہنا تھا کہ سوات میں پہلے سے سینکڑوں مسائل تھے اب تک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی رپورٹس پر ادارے اعتماد نہیں کرتے اور بہت سے اطلاعات غلط آتی ہیں۔ جسکی وجہ سے عوامی امداد آتی ہے تاہم وہ سوات کے تمام متاثرہ لوگوں کو پورا پورا نہیں پہنچ پاتا جسکی بڑی وجہ حکومت کی جانب سے متاثرین کی غلط اعداد و شمار کی فراہمی ہے۔

Certified
SWAT
روزنامہ
سلام
سوات
ایڈیٹر: طارق
میاں سید عمر ناصح
چیف ایڈیٹر
محمد قاسم یوسفزئی
قیمت
7 روپے
Email: daily_salam@rediffmail.com

# سوات میں امن کی بحالی کا بڑے چیلنج کا سامنا ہے: مقررین

## سوات میں امن کی بحالی کے ساتھ ساتھ دیگر تمام اداروں کو فوری طور پر بحال کیا جائے' بیرونی اندرونی سیاحوں کی آمدورفت کیلئے راہ ہموار کی جائے

## سوات میں بحالی صرف تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کا نہیں بلکہ عقیدتوں اور عزت نفس کا ہے' سی آر ایس ایس کے زیر اہتمام سیمینار سے مقررین کا خطاب




مینگورہ۔ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز کے چیئرمین امتیاز گل منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

مینگورہ (بیورو رپورٹ) ضلع سوات سے تعلق رکھنے والے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ سوات میں امن کی بحالی کیساتھ ساتھ دیگر تمام اداروں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بیرونی واندرونی سیاحوں کی آمدورفت کیلئے راہ ہموار کی جائے

☆☆ بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 ☆☆

08 ☞ . 4

۔تاکہ سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال ہوں۔ اور اس سے وابستہ صنعت کو بھی ترقی ملے۔ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز اسلام آباد کی جانب سے سوات پریس کلب مکانباغ میں ایک سیمینار منعقد ہوا۔ جس میں سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے نمائندوں اور مقامی عمائدین نے بھی شرکت کی۔ سیمینار سے CRSS کے چیئرمین امتیاز گل، سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی، ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر زاہد خان، اریانہ انسٹیٹیوٹ کے ریسرچ آفیسر فضل مولا، ڈی ایس پی سرکل مینگورہ جہانگیر خان، غیر سرکاری تنظیم رائی پورٹ کی خاتون نمائندہ معینہ بیگ، غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاضر گل، ای ڈی او محکمہ تعلیم ضلع سوات راج محمد خان اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملاکنڈ ڈویژن کے نمائندے سعید اقبال نے خطاب کیا۔ امتیاز گل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز بنیادی طور پر ایک ریسرچ ادارہ ہے۔ جو مختلف مقامات اور مختلف موضوعات پر وقتاً فوقتاً سیمینارز منعقد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان پشاور سنٹر سے صبا اور ایف ایم 96 سے (لارہ وا کور) کے نام سے دو پروگرامات نشر ہوتے ہیں۔ جو CRSS کی پروڈکشن ہے انہوں نے کہا کہ ان پروگرامات کا مقصد ملاکنڈ ڈویژن اور بالخصوص سوات کی بحالی کیلئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق اور جمہوریت کو تحفظ سمیت اچھی رہنمائی کیلئے معلومات فراہم کرنا ہے۔ سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی نے کہا کہ سوات کو بہت بڑے

چیلنج کا سامنا ہے۔ کیونکہ بات صرف تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کی بحالی کا نہیں بلکہ عقیدتوں اور عزت نفس کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر پرویز مشرف کے دور میں سوات میں جو کھیل کھیلا گیا وہ کسی سانحے سے کم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں امن لانے کیلئے کوئی آگے نہیں آئیگا۔ بلکہ سوات ہی کے لوگوں نے سوات میں امن بحال کرنا ہے۔ اسلئے وہ لوگوں سے درخواست کرتا ہے کہ سوات کی بحالی کیلئے آگے بڑھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی و قومی اسمبلی کے اراکین اکثر اوقات کھلی کچہریاں منعقد کراتی ہیں۔ لیکن انکو ان کچہریوں کی کوئی ضرورت نہیں۔ بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو قانونی کچہریاں یعنی عدالتیں موجود ہیں۔ انکو ٹھیک کیا جائے اور وہاں پر عوام کو انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر سرکاری اور سرکاری اداروں کو فری میڈیکل کیمپ لگانے کی بجائے یہاں کے ہسپتالوں اور دیگر صحت کے اداروں کو بحال کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ سوات کے ممبران قومی و صوبائی اسمبلی کو چاہئے کہ اگر وہ اس دھرتی کو زندہ و جاوید رکھنا چاہتے ہیں تو وہ سچائی کی بنیادوں پر کام کریں اور یہاں کے عوام کیساتھ کھیلا جانیوالا مذاق بند کریں۔ DSP سرکل بیگوڑہ جہانگیر خان نے کہا کہ تین سال قبل سوات کے حالات خراب ہونا شروع ہوئے اور مسلسل دو سال تک یہ حالات انتہائی خراب رہے۔ تاہم تقریباً ایک سال قبل جب عسکری آپریشن شروع ہوا تو اسکے نتیجے میں آج سوات میں امن وامان کی صورتحال مکمل طور پر ٹھیک ہے۔ اور سول انتظامیہ کی رٹ بحال ہو چکی ہے۔ سوات کے کونے کونے میں پولیس پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عسکریت پسند یا تو مر چکے ہیں اور کچھ گرفتار ہوئے جو جیلوں میں ہیں اور چند ایک عناصر سوات سے فرار ہو کر ملک کے دوسرے حصوں میں چھپے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوات میں امن مکمل طور پر بحال ہو چکا ہے۔ تاہم کبھی کبھی یک دو کہ وارداتیں ہوتی ہیں۔ جن پر جلد ہی قابو پالیا جائیگا۔ غیر سرکاری تنظیم رائی پورٹ کی خاتون نمائندہ معینہ بیگ نے کہا کہ وہ لوگوں کے ذہنوں سے جنگ کے آثار ہٹانے کیلئے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ وہ لوگوں کچھ دیتے نہیں تاہم لوگوں کے ذہنوں سے خوف ختم کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھ رہے ہیں۔ جسکے مثبت نتائج مل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبادکاری سمیت لوگوں کے دلوں سے خوف ختم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے۔ جسے بھرپور طریقے سے نبھانا ہم سب کا فرض

ہے۔ غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاضر گل نے کہا کہ 70 سے زائد سرکاری اور غیر سرکاری تنظیمیں بحالی کی عمل کیلئے کوشاں ہیں۔ مگر انکا کہنا تھا کہ سوات میں پہلے سے سینکڑوں مسائل تھے۔ جو ابھی تک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی رپورٹس پر ادارے اعتماد نہیں کرتے۔ اور بہت سے اطلاعات غلط آتی ہے۔ جسکی وجہ سے عوامی امداد آتی ہے تاہم وہ سوات کے تمام متاثرہ لوگوں کو پورا پورا نہیں پہنچ پاتا جسکی بڑی وجہ حکومت کی جانب سے متاثرین کی غلط اعداد و شمار کی فراہمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر لوگ دور دراز علاقوں میں رہتے ہیں جہاں این جی اوز اور سرکاری تنظیمیں اپنے آپریشنز نہیں کر پاتے ہے۔ جسکی وجہ سے سینکڑوں متاثرین حکومتی اور غیر سرکاری اداروں کی امداد سے محروم رہتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہر ادارہ اپنی اپنی سروے کرتا ہے۔ اس پر کام کرتا ہے۔ مگر حساب کتاب نہیں ہوتا۔ جینئیر انکم سپورٹ ملاکنڈ ڈویژن کے نمائندے سعید اقبال نے کہا کہ ہر کام دیانتداری سے ہونا چاہئے۔ ہر مسئلے کو حل کرنے سے پہلے اسکی نشاندہی ہونی چاہئے اور بعد میں اسے مسئلے کے حل کیلئے مشاورت ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں کے کارڈز بلاک ہو چکے ہیں۔ وہ رجسٹریشن کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوات میں بحالی کی ابتدائی کاموں میں فیکٹریاں بنانی چاہئے۔ تاکہ یہاں کے لوگوں کو روزگار کے مواقع مل سکیں۔ ہوٹل ایسوی ایشن ضلع سوات کے صدر حاجی زاہد خان نے کہا کہ سوات میں امن کی بحالی سے پہلے بیرونی سیاحوں کا آنا قطعاً ناممکن تھا اور اس وقت بھی حالات اتنے سازگار نہیں ہے کہ بیرونی سیاح یہاں کا رخ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ امن کی بحالی پر اعتماد بالکل نہیں کرسکتے۔ کیونکہ حالات اس وقت تک پورے بحال نہیں ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوات کے منتخب عوامی نمائندے سوات نہیں آسکتے کیونکہ حالات کا خوف انکے ذہنوں پر اب تک موجود ہے۔ آریانہ انسٹیٹیوٹ کے نمائندے فضل مولا خان نے کہا کہ این جی اوز بااثر افراد اور من پسند لوگوں میں ریلیف کا سامان تقسیم کرتے ہیں۔ اور غریب انسان کو کچھ نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا کہ تیرا لاکھ افراد میں پانچ فیصد لوگوں کو بھی امداد نہیں ملا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سوات زراعت کے شعبے میں سوات پورے دنیا میں پہلے نمبر پر تھا لیکن اس وقت حالات وہ نہیں اور سوات میں زراعت کے شعبے کو بیس ارب روپے سے زائد کا نقصان ہو چکا ہے۔ EDO ایجوکیشن راج محمد خان نے کہا کہ ہر معاشرے کی کامیابی کا

دارومدار اچھی تعلیم پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوات میں تعلیم کی تباہی گزشتہ دو سالوں میں ہوئی جب سکولوں کو اڑا دیا گیا اور خواتین اور سکولوں میں جانے سے اور نوکریاں کرنے سے منع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تعلیمی اداروں کی بحالی کیلئے حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ تاہم سوات میں تعلیم کی بحالی کیلئے وفاقی حکومت نے دو ارب روپے صوبائی حکومت کو ارسال کئے ہیں اور عنقریب ان پیسوں سے سوات کی تعلیم اداروں کی بحالی کا کام شروع ہو جائیگا۔

روزنامہ پاکستان
THE DAILY PAKISTAN
PESHAWAR
DISTRICT NEWS
ہفتہ 2 جمادی الاول 1431ھ 17 اپریل 2010ء 3 بیساکھ




مینگورہ، سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز کے چیئرمین امتیاز گل منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

# سوات میں تمام اداروں کو فوری طور پر بحال کیا جائے، امتیاز گل

## بیرونی و اندرونی سیاحوں کی آمد و رفت کیلئے ہموار کی جائے تاکہ سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال ہوں، ضیاء الدین یوسفزئی

مینگورہ (بیورو رپورٹ) ضلع سوات سے تعلق رکھنے والے مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ سوات میں امن کی بحالی کیساتھ ساتھ دیگر تمام اداروں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بیرونی و اندرونی سیاحوں کی آمد و رفت کیلئے راہ ہموار کی جائے۔ تاکہ سوات میں سیاحتی سرگرمیاں بحال ہوں۔ اور اس سے وابستہ صنعت کو بھی ترقی ملے۔ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز اسلام آباد کی جانب سے سوات پریس کلب مینگورہ میں ایک سیمینار منعقد ہوا۔ جس میں سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے نمائندوں اور مقامی عمائدین نے بھی شرکت کی۔ سیمینار سے CRSS کے چیئرمین امتیاز گل، سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی، ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر زاہد خان، ارپانہ انسٹیٹیوٹ کے ریسرچ آفیسر فضل مولا، ڈی ایس پی سرکل مینگورہ جہانگیر خان، غیر سرکاری تنظیم رائل پورٹ کی خاتون نمائندہ سعیدہ بیگ، غیر سرکاری تنظیم کاروان کے نمائندے حاضر گل، ای ڈی او تعلیم ضلع سوات راج محمد خان اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملاکنڈ ڈویژن کے نمائندے سعید اقبال نے خطاب کیا۔ امتیاز گل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سنٹر فار ریسرچ اینڈ سیکورٹی سٹڈیز بنیادی طور پر ایک ریسرچ ادارہ ہے۔ جو مختلف مقامات اور مختلف موضوعات پر وقتاً فوقتاً سیمینارز منعقد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان پشاور سنٹر سے صباون اور ایف ایم 96 سے (لاروہ اکور) کے نام سے دو پروگرامات نشر ہوتے ہیں۔ جو CRSS کی پروڈکشن ہے انہوں نے کہا کہ ان پروگرامات کا مقصد ملاکنڈ ڈویژن اور بالخصوص سوات کی بحالی کیلئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق اور جمہوریت کو تحفظ سمیت اچھی رہنمائی کیلئے معلومات فراہم کرنا ہے۔ سوات قومی جرگہ کے ترجمان ضیاء الدین یوسفزئی نے کہا کہ سوات کو بہت بڑے چیلنج کا سامنا ہے۔ کیونکہ بات صرف تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کی بحالی کا نہیں بلکہ عقیدتوں اور عزت نفس کا بھی ہے